# حصہ اول: معروضی

## کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

**نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)**

سوال نمبر 1: بلی کے جوٹھے کا کیا حکم ہے؟

(الف) طاہر غیر مطہر　(ب) طاہر مطہر غیر مکروہ　(ج) طاہر مطہر مکروہ　(د) نجس

سوال نمبر 2: سؤر (جوٹھے) پانی کی کتنی اقسام ہیں؟

(الف) 3　(ب) 4　(ج) 5　(د) 7

سوال نمبر 3: چھوٹے کنویں میں شراب کا ایک قطرہ گر جائے تو۔۔۔۔نکالا/نکالے جائیں گے/جائیگا۔

(الف) 20ڈول　(ب) کل پانی　(ج) 40ڈول　(د) کچھ نہیں

سوال نمبر 4: پانی میں کبوتر کی بیٹ گر جائے تو۔۔۔۔نکالا/نکالے جائیں گے/جائیگا۔

(الف) 10ڈول　(ب) کچھ نہیں　(ج) کل پانی　(د) 20ڈول

سوال نمبر 5: وقوفِ مزدلفہ کے لئے غسل کرنے کا کیا حکم ہے؟

(الف) فرض　(ب) واجب　(ج) مستحب　(د) سنت

سوال نمبر 6: جمعہ کی نماز کے لئے غسل کرنے کا کیا حکم ہے؟

(الف) فرض　(ب) سنت　(ج) واجب　(د) مستحب

سوال نمبر 7: کتنے سر کا مسح کرنا فرض ہے؟

(الف) نصف　(ب) تہائی　(ج) چوتھائی　(د) پورے

سوال نمبر 8: نور الایضاح کی روشنی میں بتائیں کہ وضو کی کتنی سنتیں ہیں؟

(الف) 12　(ب) 14　(ج) 18　(د) 22

سوال نمبر 9: وضو کرنے والے کے لئے کتنی چیزیں مکروہ ہیں؟

(الف) 6　(ب) 8　(ج) 10　(د) 11

سوال نمبر 10: کعبۃ اللہ شریف کا طواف کرنے کے لئے وضو کرنے کا کیا حکم ہے؟

(الف) فرض　(ب) واجب　(ج) سنت　(د) مستحب

سوال نمبر 11: غسل کے لئے نیت کرنے کا کیا حکم ہے؟

(الف) فرض　(ب) واجب　(ج) سنت　(د) مستحب

سوال نمبر 12: عیدین کی نماز کے لئے غسل کرنے کا کیا حکم ہے؟

(الف) فرض　(ب) واجب　(ج) سنت　(د) مستحب

سوال نمبر13: "مسح علی الخفین" کے جواز کی کتنی شرائط ہیں؟

(الف)3 (ب)4 (ج)7 (د)11

سوال نمبر14: مکہ والوں نے رسول اللہ ﷺ کے معجزے میں چاند کے دو ٹکڑوں کے درمیان کون سا پہاڑ دیکھا تھا؟

(الف)احد (ب)ثور (ج)حراء (د)ابو قبیس

سوال نمبر15: یہ کس کا شعر ہے؟ پنجہ او پنجہ حق می شود ماہ از انگشت او شق می شود

(الف)علامہ جامی (ب)ڈاکٹر اقبال (ج)اعلحضرت (د)حسن رضا خان

سوال نمبر16: ام عاصم کے قول کے مطابق حضرت عتبہ بن فرقد رضی اللہ تعالی عنہ کی کتنی ازواج تھیں؟

(الف)4 (ب)3 (ج)2 (د)1

سوال نمبر17: حضرت عبد اللہ بن عتیک رضی اللہ تعالی عنہ کی پنڈلی کس یہودی کو قتل کرنے کے بعد زینے سے گرنے کی وجہ سے ٹوٹ گئی تھی؟

(الف)ابو رافع (ب)نسطور یہودی (ج)الف اور ب (د)ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر18: عموماایک بکری کے کتنے دست (بازو) ہوتے ہیں؟

(الف)1 (ب)2 (ج)4 (د)8

سوال نمبر19: براء بن عازب رضی اللہ تعالی عنہ کے قول کے مطابق نماز عید سے پہلے قربانی کس نے کی تھی؟

(الف)ابو بردہ (ب)ابوہریرہ (ج)الف اور ب (د)ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر20: نبی کریم ﷺ کے اعرابی سے گھوڑا خریدتے وقت کون سے صحابی نے موجود نہ ہونے کے باوجود آپ ﷺ کی گواہی دی؟

(الف)صدیق اکبر (ب)خزیمہ انصاری (ج)عکرمہ (د)فاروق اعظم رضی اللہ تعالی عنہم

سوال نمبر21: قران کریم میں مادر زاد اندھے کو شفا دینے کا معجزہ کون سے نبی علیہ السلام کا ذکر کیا گیا ہے؟

(الف)حضرت ہارون علیہ السلام (ب)حضرت داؤد علیہ السلام (ج)حضرت عیسی علیہ السلام (د)حضرت موسی علیہ السلام

سوال نمبر22: مندرجہ ذیل میں سے کس کی کنیت ابو حفص ہے؟

(الف)صدیق اکبر (ب)فاروق اعظم (ج)عثمان غنی (د)علی المرتضی رضی اللہ تعالی عنہم

سوال نمبر23: حضرت انس رضی اللہ تعالی عنہ کون سے قبیلہ سے تعلق رکھتے تھے؟

(الف)اوس (ب)خزرج (ج)قریش (د)ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر24: "انی سمعت منک حدیثا کثیرا فانساہ قال ابسط" نبی کریم ﷺ نے کس سے فرمایا کہ اپنی چادر پھیلاؤ؟

(الف)ابو بردہ (ب)ابوہریرہ (ج)الف اور ب (د)ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر25: غزوہ خیبر کے دن کس صحابی کی پنڈلی زخمی ہوئی تھی؟اور نبی کریم ﷺ کے دم کرنے سے ان کی پنڈلی کی تکلیف بالکل ختم ہو گئی تھی۔

(الف)ابو بردہ (ب)ابوہریرہ (ج)سلمہ بن اکوع (د)انس بن مالک رضوان اللہ تعالی علیہم

سالانہ امتحان2023ء/1444ھ
کنزالمدارس بورڈ پاکستان
درجہ: عامہ سال دوم　پرچہ: پہلا　مضمون: دراسۃ القرآن+التفسیر
تاریخ: 23-02-2023　دن: جمعرات　کل وقت: 30 منٹ　کل نمبر: 25
مرکز امتحان: ______　دستخط نگران مرکز امتحان: ______　دستخط ممتحن: ______

رول نمبر: ______

دستخط طالب علم: ______

## حصہ اول: معروضی
## کثیرالانتخابی سوالات (MCQ's)

**نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)**

سوال نمبر1: "نجم" کا کیا معنی ہے؟
(الف) چاند　(ب) مخصوص ستارہ　(ج) زمین　(د) آسمان

سوال نمبر2: سورہ نجم کے نزول کے وقت نبی کریم ﷺ کے ساتھ موجود لوگوں میں سے کس نے سجدہ نہیں کیا تھا؟
(الف) ابو جہل　(ب) ابو لہب　(ج) امیہ بن خلف　(د) شداد

سوال نمبر3: سجدہ والی سورتوں میں سب سے پہلے کون سی سورت نازل ہوئی؟
(الف) سورۃ الاعراف　(ب) سورۃ النمل　(ج) سورۃ النجم　(د) سورۃ الانشقاق

سوال نمبر4: "قمر" کا کیا معنی ہے؟
(الف) چاند　(ب) مخصوص ستارہ　(ج) زمین　(د) آسمان

سوال نمبر5: قران کی دلہن کون سی سورت کو کہا جاتا ہے؟
(الف) یٰس　(ب) رحمٰن　(ج) مزمل　(د) کہف

سوال نمبر6: خوف خدا رکھنے والے شخص کے لئے کتنی جنتوں کی خوشخبری ہے؟
(الف) 2　(ب) 3　(ج) 4　(د) 5

سوال نمبر7: جنات کس چیز سے پیدا کئے گئے ہیں؟
(الف) آگ　(ب) مٹی　(ج) ہوا　(د) پانی

سوال نمبر8: انسانوں کی پیدائش کس چیز سے ہوئی؟
(الف) آگ　(ب) مٹی　(ج) ہوا　(د) پانی

سوال نمبر9: سورۃ الواقعہ میں کتنی آیتیں ہیں؟
(الف) 90　(ب) 96　(ج) 92　(د) 85

سوال نمبر10: سورہ واقعہ کی۔۔۔۔آیتیں مکہ مکرمہ میں نازل ہوئیں۔
(الف) اکثر　(ب) کچھ　(ج) آدھی　(د) ساری

سوال نمبر11: کون سی سورت کو "سورۃ الغنی" کہا جاتا ہے؟
(الف) یٰس　(ب) واقعہ　(ج) مزمل　(د) کہف

سوال نمبر12: قران عظیم کو۔۔۔۔کے لئے باوضو ہونا فرض ہے۔
(الف) پڑھنے　(ب) دیکھنے　(ج) چھونے　(د) الف اور ب دونوں

سوال نمبر13: سورہ حشر کی آخری تین آیات پڑھنے سے۔۔۔فرشتے دعائے مغفرت کرتے رہتے ہیں۔

(الف)7000 (ب)70000 (ج)700 (د)70

سوال نمبر14: "صف"کا معنی کیا ہے؟

(الف) قطار (ب) کمرے (ج) حجرہ (د)ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر15: مندرجہ ذیل میں سے "حجرات"کا معنی کیا ہے؟

(الف) کمرہ (ب) کمرے (ج) حجرہ (د)ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر16: سورۃ الحجرات کی آیت نمبر۔۔۔میں حجرات کا لفظ ہے اسی مناسبت سے اس سورت کا نام "سورۃالحجرات" ہے۔

(الف)1 (ب)2 (ج)4 (د)6

سوال نمبر17: سورۃ الحجرات میں کس کے ساتھ جہاد کرنے کا بیان ہے؟

(الف)مشرکین (ب) یہودی (ج) باغی (د) نصرانی

سوال نمبر18: صدیق اکبر رضی اللہ تعالی عنہ سے آگے چلنے والے کونسے صحابی کو نبی کریم ﷺ نے فرمایا: "کہ کیا تم اس کے آگے چلتے ہو جو تم سے، بلکہ ساری دنیا سے افضل ہے"؟

(الف)ابوذر (ب)ابودرداء (ج)ابوہریرہ (د)ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر19: حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ تعالی عنہ کن کے پاس قران مجید کی تعلیم حاصل کرنے جاتے تھے؟

(الف)صدیق اکبر (ب) فاروق اعظم (ج)ابی بن کعب (د) عبد اللہ بن زبیر رضوان اللہ تعالی علیہم

سوال نمبر20: "اِنْ جَآءَكُمْ فَاسِقٌ "رسول کریم ﷺ نے حضرت ولید بن عقبہ رضی اللہ تعالی عنہ کو۔۔۔۔سے صدقات وصول کرنے کے لئے بھیجا تھا۔

(الف) قبیلہ سعد (ب) قبیلہ اوس (ج) بنی مصطلق (د) قبیلہ خزرج

سوال نمبر21: کون سے امام نے مسجد نبوی میں بادشاہ کو بلند آواز سے بات کرنے پر کہا: "کہ اے مسلمانوں کے امیر! اس مسجد میں آواز بلند نہ کر"۔

(الف)امام ابویوسف (ب)امام محمد (ج)امام مالک (د)امام شافعی رضوان اللہ تعالی علیہم

سوال نمبر22: کم از کم۔۔۔شخص اگر عادل ہو/ہوں تو اس کی خبر معتبر ہے۔

(الف)4 (ب)3 (ج)1 (د)2

سوال نمبر23: حضور اقدس ﷺ کا ادب۔۔۔۔کا تقوی ہے۔

(الف) دل (ب) عقل (ج) بدن (د) روح

سوال نمبر24: کون سے صحابی رضی اللہ تعالی عنہ کی وفات کے بعد کی گئی وصیت کو نافذ کیا گیا؟(حالانکہ وصیت تو وہ نافذ کی جاتی ہے جو زندگی میں کی ہو)

(الف)خالد بن ولید (ب)حذیفہ (ج) ثابت (د) مالک بن انس رضوان اللہ تعالی علیہم

سوال نمبر25: ایمان کا کمال اپنی کوشش سے نہیں، بلکہ اللہ تعالی کے۔۔۔۔سے نصیب ہوتا ہے۔

(الف) عدل (ب) فضل (ج) الف اور ب (د) ان میں سے کوئی نہیں

رول نمبر: ____________

دستخط طالب علم: __________

**سالانہ امتحان 2023ء/1444ھ**

**کنزالمدارس بورڈ پاکستان**

| | | |
|---|---|---|
| درجہ: عامہ سال دوم | پرچہ: چوتھا | مضمون: النحو+اللغۃ العربیۃ |
| تاریخ: 28-02-2023 | دن: منگل | کل وقت: 30 منٹ — کل نمبر: 25 |

مرکز امتحان: ___________ دستخط نگران مرکز امتحان: ___________ دستخط مفتش: ___________

## حصہ اول: معروضی

## کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

**نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)**

سوال نمبر 1: "اشتریت الفرس بسرجه" میں "ب" کس معنی کے لئے ہے؟

(الف) مصاحبۃ (ب) تعلیل (ج) تعدیہ (د) زائدہ

سوال نمبر 2: "اشتریت العبد بالفرس" میں "العبد" ترکیب کلام میں کیا بنے گا؟

(الف) فاعل (ب) مفعول بہ (ج) نائب الفاعل (د) مفعول فیہ

سوال نمبر 3: "الجل للفرس" میں "الجل" ترکیب کلام میں کیا بنے گا؟

(الف) خبر (ب) مبتدا (ج) فاعل (د) نائب الفاعل

سوال نمبر 4: "ردف لکم" میں "ل" کون سے معنی میں ہے؟

(الف) مصاحبۃ (ب) تعلیل (ج) زائدہ (د) تعلیل

سوال نمبر 5: "سرت من البصرۃ الی الکوفۃ" میں "من" کونسا ہے؟

(الف) ابتداء غایت (ب) انتہاء غایت (ج) زائدہ (د) تبعیضیہ

سوال نمبر 6: "نحو قولہ تعالی" میں "قول" ترکیب کلام میں کیا بنے گا؟

(الف) مجرور بحرف جر (ب) فاعل (ج) مضاف الیہ (د) خبر

سوال نمبر 7: "یغفر لکم من ذنوبکم" میں "لکم" کی ضمیر ترکیب کلام میں کیا بنے گی؟

(الف) مفعول بہ (ب) مفعول لہ (ج) مجرور بحرف جر (د) مضاف الیہ

سوال نمبر 8: "فاغسلوا وجوھکم" میں فاعل کیا ہے؟

(الف) ھم ضمیر (ب) وجوہ (ج) واو جمع (د) کم ضمیر

سوال نمبر 9: "اکلت السمکۃ حتی راسھا" میں "ھا" ضمیر ترکیب کلام میں کیا بنے گی؟

(الف) مجرور بحرف جر (ب) فاعل (ج) مضاف الیہ (د) خبر

سوال نمبر 10: "مررت علیه" میں "علی" کون سے معنی میں ہے؟

(الف) فی (ب) ب (ج) ل (د) زائدہ

سوال نمبر 11: نون تاکید مندرجہ ذیل میں سے کس کا خاصہ ہے؟

(الف) اسم (ب) فعل (ج) الف اور ب (د) حرف

سوال نمبر12: جس میں اسباب تسعہ میں سے دو سبب یا ایک سبب جو دو کے قائم مقام ہو نہ پائے جائیں تو اس کو۔۔۔کہتے ہیں؟

(الف) منصرف (ب) غیر منصرف (ج) مبنی (د) اسم اشارہ

سوال نمبر13: "قام زید" میں "زید" کیا ہے؟

(الف) عامل (ب) معرب (ج) اعراب (د) محل اعراب

سوال نمبر14: جمع مؤنث سالم کی حالت نصبی کس طرح آتی ہے؟

(الف) فتحہ (ب) ضمہ (ج) کسرہ (د) سکون سے

سوال نمبر15: کسی بھی اسم پر کسرہ اور تنوین نہ آنا کس کا حکم ہے؟

(الف) منصرف (ب) غیر منصرف (ج) مبنی (د) اسم اشارہ

سوال نمبر16: "نوح" مندرجہ ذیل میں سے کیا ہے؟

(الف) منصرف (ب) غیر منصرف (ج) مبنی (د) اسم اشارہ

سوال نمبر17: مندرجہ ذیل میں سے کون سا جملہ درست نہیں ہے؟

(الف) قام هند (ب) ضرب اليوم هند (ج) ضربت اليوم هند (د) قامت هند

سوال نمبر18: دو فعلوں کے درمیان ہونے والے تنازع کی کل کتنی صورتیں ہیں؟

(الف) 4 (ب) 3 (ج) 2 (د) 1

سوال نمبر19: مندرجہ ذیل میں سے کون مسند الیہ ہوتا ہے؟

(الف) خبر (ب) فعل (ج) مبتدا (د) مفعول لہ

سوال نمبر20: ۔۔۔کے نزدیک ظرف جملہ سے متعلق ہوتا ہے۔

(الف) سب (ب) بعض (ج) اکثر (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر21: "سبع سنوات" کا معنی کیا ہے؟

(الف) 7 سال (ب) 7 مہینے (ج) 9 سال (د) 9 مہینے

سوال نمبر22: "سنة واحدة" کا معنی کیا ہے؟

(الف) ایک دن (ب) ایک مہینہ (ج) ایک سال (د) ایک صدی

سوال نمبر23: "طفلة" کا معنی کیا ہے؟

(الف) بچہ (ب) بچی (ج) خاتون (د) نوجوان

سوال نمبر24: "دراجتي النارية" کا معنی لکھیں۔

(الف) میری سائیکل (ب) میری کار (ج) میری موٹر سائیکل (د) ہوائی جہاز

سوال نمبر25: "كنتُ متعبا" کا ترجمہ کیا ہوگا؟

(الف) وہ تھک گیا تھا (ب) تو تھک گیا تھا (ج) میں تھک گیا تھا (د) میں سو گیا تھا

رول نمبر: ____________

دستخط طالب علم: __________

سالانہ امتحان2023ء/1444ھ

کنزالمدارس بورڈ پاکستان

درجہ: عامہ سال دوم　　پرچہ: پانچواں　　مضمون: الصرف

تاریخ: 01-03-2023　　دن: بدھ　　کل وقت: 30 منٹ　　کل نمبر: 25

مرکز امتحان: ____________　　دستخط نگران مرکز امتحان: ____________　　دستخط مفتش: __________

KANZUL MADARIS BOARD

## حصہ اول: معروضی

## کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

**نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)**

سوال نمبر 1: "صیغوں کو بنانے اور ان میں تبدیلی کرنے میں ذہن کو غلطی سے بچانا" یہ علم الصرف کا/کی-----ہے۔

(الف) تعریف　(ب) موضوع　(ج) غرض وغایت　(د) وجہ تسمیہ

سوال نمبر 2: مشتق ہونے/نہ ہونے کے اعتبار سے اسم کی----قسمیں ہیں۔

(الف) 2　(ب) 3　(ج) 4　(د) 5

سوال نمبر 3: "مفتوح" کیا ہے؟

(الف) مصدر　(ب) جامد　(ج) مشتق　(د) فعل

سوال نمبر 4: "کتاب" میں کونسا حرف زائد ہے؟

(الف) ک　(ب) ت　(ج) الف　(د) ب

سوال نمبر 5: "سراج" کیا ہے؟

(الف) ثلاثی مجرد　(ب) ثلاثی مزید فیہ　(ج) رباعی مجرد　(د) رباعی مزید فیہ

سوال نمبر 6: "جحمرش" (بوڑھی عورت) کیا ہے؟

(الف) رباعی مجرد　(ب) رباعی مزید فیہ　(ج) خماسی مجرد　(د) ثلاثی مزید فیہ

سوال نمبر 7: "فَرَّ" کیا ہے؟

(الف) معتل　(ب) مہموز　(ج) مضاعف ثلاثی　(د) مضاعف رباعی

سوال نمبر 8: "طیٌّ" کیا ہے؟

(الف) لفیف مفروق　(ب) لفیف مقرون　(ج) مثال　(د) اجوف

سوال نمبر 9: زمانہ کے اعتبار سے فعل کی کتنی قسمیں ہیں؟

(الف) 2　(ب) 3　(ج) 4　(د) 5

سوال نمبر 10: ثلاثی مجرد کے 8 ابواب کی کتنی قسمیں ہیں؟

(الف) 2　(ب) 3　(ج) 4　(د) 5

سوال نمبر 11: مندرجہ ذیل میں سے کونسا باب ام الابواب میں سے ہے؟

(الف) فَتَحَ یَفْتَحُ　(ب) حَسِبَ یَحْسِبُ　(ج) نَصَرَ یَنْصُرُ　(د) کَرُمَ یَکْرُمُ

سوال نمبر12: ماضی مطلق کے شروع میں "قد" لگانے سے فعل ماضی۔۔۔۔بن جاتا ہے۔

(الف) بعید (ب) قریب (ج) استمراری (د) احتمالی

سوال نمبر13: ثلاثی مجرد سے فعل ماضی مجہول کتنے وزن پر آتا ہے؟

(الف) 2 (ب) 1 (ج) 4 (د) 5

سوال نمبر14: "**مافعل**" صیغے کا کس گردان سے تعلق ہے؟

(الف) ماضی مطلق (ب) ماضی تمنائی (ج) ماضی احتمالی (د) ماضی قریب

سوال نمبر15: "**لیتہ فُعِلَ**" اس صیغے کا کس گردان سے تعلق ہے؟

(الف) مثبت معروف (ب) مثبت مجہول (ج) منفی معروف (د) منفی مجہول

سوال نمبر16: نصاب الصرف میں فعل مضارع معروف کی گردان کے کتنے صیغے لکھے ہوئے ہیں؟

(الف) 12 (ب) 11 (ج) 14 (د) 18

سوال نمبر17: نونِ ثقیلہ کا ماقبل حرف کتنے صیغوں میں مضموم ہوتا ہے؟

(الف) 2 (ب) 4 (ج) 6 (د) 8

سوال نمبر18: نون تاکید دو طرح کا ہوتا ہے۔ نون مشدد کو۔۔۔۔کہتے ہیں۔

(الف) نون خفیفہ (ب) نون ثقیلہ (ج) نون ضمیری (د) نون نسوہ

سوال نمبر19: "**لِیفعلنَّ**" صیغہ کونسی گردان سے تعلق رکھتا ہے؟

(الف) امر غائب (ب) امر حاضر (ج) امر متکلم (د) مضارع غائب

سوال نمبر20: لائے نہی سات صیغوں سے۔۔۔۔۔ کو گرادیتا ہے۔

(الف) نون خفیفہ (ب) نون ثقیلہ ج) نون اعرابی (د) نون نسوہ

سوال نمبر21: یہ کس کی تعریف ہے؟ "وہ اسم مشتق جو اس ذات پر دلالت کرے جس کے ساتھ فعل قائم ہو"۔

(الف) اسم ظرف (ب) اسم مفعول (ج) اسم فاعل (د) اسم آلہ

سوال نمبر22: اسم مفعول کس سے بنایا جاتا ہے؟

(الف) ماضی معروف (ب) مضارع مجہول (ج) امر معروف (د) نہی مجہول

سوال نمبر23: "حَذِرٌ" کیا ہے؟

(الف) اسم فاعل (ب) اسم مفعول (ج) اسم مبالغہ (د) اسم ظرف

سوال نمبر24: اسم آلہ کتنے اوزان پر آتا ہے؟

(الف) 2 (ب) 3 (ج) 4 (د) 5

سوال نمبر25: یہ کس کی تعریف ہے؟ "وہ فعل جو کسی چیز پر تعجب کے اظہار کے لئے وضع کیا گیا ہو"۔

(الف) فعل تعجب (ب) اسم مفعول (ج) اسم مبالغہ (د) اسم ظرف

رول نمبر: ____________

دستخط طالب علم: __________

**سالانہ امتحان 2023ء/1444ھ**

**کنزالمدارس بورڈ پاکستان**

درجہ: عامہ سال دوم | پرچہ: دوسرا | مضمون: الحدیث+التصوف

تاریخ: 25-02-2023 | دن: ہفتہ | کل وقت: 30 منٹ | کل نمبر: 25

مرکز امتحان: ____________ دستخط نگران مرکز امتحان: __________ دستخط ممتحن: __________

## حصہ اول: معروضی

## کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

**نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25=25x1)**

سوال نمبر 1: "عشرین و مائة دینار" کا معنی کیا ہے؟

(الف) 102 دینار (ب) 120 درہم (ج) 120 دینار (د) 102 درہم

سوال نمبر 2: ایک برائی کا ارادہ کرنے پر کتنی برائیاں نامہ اعمال میں لکھی جاتی ہیں؟

(الف) 0 (ب) 10 (ج) 70 (د) 700

سوال نمبر 3: کم سے کم ایک نیکی کا ثواب (جو کر لی گئی ہے) نامہ اعمال میں کتنا لکھا جاتا ہے؟

(الف) 1 (ب) 10 (ج) 8 (د) 5

سوال نمبر 4: جنھوں نے حجر اسود کو بوسہ دیکر کہا "انک حجر لا تضر و لا تنفع و لو لا انی رایت النبی ﷺ یقبلک ما قبلتک" وہ کون تھے؟

(الف) صدیق اکبر (ب) فاروق اعظم (ج) عثمان غنی (د) علی المرتضی رضوان اللہ تعالی علیہم

سوال نمبر 5: ابن آدم کے مرنے کے بعد کتنے عمل باقی رہتے ہیں؟

(الف) 1 (ب) 2 (ج) 3 (د) 4

سوال نمبر 6: نبی کریم ﷺ کون سے علم سے پناہ مانگا کرتے تھے؟

(الف) لا تشبع (ب) لا ینفع (ج) لا یخشع (د) لا یستجاب

سوال نمبر 7: نبی کریم ﷺ کون سے نفس سے پناہ مانگا کرتے تھے؟

(الف) لا تشبع (ب) لا ینفع (ج) لا یخشع (د) لا یستجاب

سوال نمبر 8: "النمیمة" کا کیا معنی ہے؟

(الف) چغلی (ب) وعدہ خلافی (ج) تکبر (د) حسد

سوال نمبر 9: "الاوثان" کا کیا معنی ہے؟

(الف) گائے (ب) بت (ج) چاند (د) سورج

سوال نمبر 10: صبر کو کیا کہا گیا ہے؟

(الف) حجت (ب) برہان (ج) ضیاء (د) نور

سوال نمبر 11: ابوہریرہ رضی اللہ تعالی عنہ کی روایت کے مطابق سایہ عرش کتنے لوگوں کو ملے گا؟

(الف) 3 (ب) 5 (ج) 7 (د) 70

سوال نمبر12: جنت کے کتنے دروازے ہیں؟

(الف)4 (ب)8 (ج)12 (د)19

سوال نمبر13: معدان بن ابی طلحہ رضی اللہ تعالی عنہ کی روایت کے مطابق ایک سجدہ کرنے سے کتنی خطائیں مٹادی جاتی ہیں؟

(الف)1 (ب)2 (ج)7 (د)10

سوال نمبر14: نماز کو اس کے وقت میں ادا نہ کرنا۔۔۔ کہلاتا ہے۔

(الف) قضا (ب) ادا (ج) الف اور ب دونوں (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر15: کسی گزرے ہوئے یا موجود معاملے پر جان بوجھ کر کھائی جانے والی جھوٹی قسم کو۔۔۔ کہیں گے۔

(الف) یمین غموس (ب) یمین منعقدہ (ج) یمین لغو (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر16: رحمت الٰہی سے دور ہو جانے کی بد دعا کرنا۔۔۔۔۔ ہے۔

(الف) لعنت (ب) تکبر (ج) حسد (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر17: اے عمر اٹھو! اور (جاکر لوگوں میں)۔۔۔۔۔ مرتبہ اس بات کا اعلان کردو کہ جنت میں صرف مؤمن ہی داخل ہوں گے۔

(الف)3 (ب)7 (ج)11 (د)21

سوال نمبر18: لوگوں کے ساتھ بات کرنے میں جن امور کو برا سمجھا جاتا ہے ان کو صاف اور واضح لفظوں میں بیان کر دینا۔۔۔۔۔ ہے۔

(الف) گالی (ب) فحش گوئی (ج) الف اور ب دونوں (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر19: ہر شخص پر اس کی موجودہ حالت کے مطابق مسئلے سیکھنا۔۔۔۔۔ ہے۔

(الف) فرض عین (ب) فرض کفایہ (ج) واجب عین (د) واجب کفایہ

سوال نمبر20: مہلکات کی کتنی قسمیں ہیں؟

(الف)2 (ب)4 (ج)6 (د)8

سوال نمبر21: سیدی اعلحضرت رحمۃ اللہ تعالی علیہ نے فتاوی رضویہ میں کتنے باطنی مہلکات بیان فرمائے ہیں؟

(الف)20 (ب)26 (ج)40 (د)47

سوال نمبر22: کسی کی دینی یا دنیاوی نعمت کے زوال یعنی اس کے چھن جانے کی تمنا کرنا یا یہ خواہش کرنا کہ فلاں شخص کو یہ نعمت نہ ملے، اس کا نام۔۔۔۔۔ ہے۔

(الف) حسد (ب) تکبر (ج) کفران نعمت (د) خیانت

سوال نمبر23: اللہ تعالی کی نعمتوں پر اس کا شکر ادا نہ کرنا اور اُن سے غفلت برتنا۔۔۔۔۔ کہلاتا ہے۔

(الف) حسد (ب) تکبر (ج) کفران نعمت (د) خیانت

سوال نمبر24: اجازتِ شرعیہ کے بغیر کسی کی امانت میں تصرف کرنا۔۔۔۔۔ کہلاتا ہے۔

(الف) حسد (ب) خیانت (ج) کفران نعمت (د) تکبر

سوال نمبر25: جس جگہ شرعاً، عادۃً یا مروۃً خرچ کرنا منع ہو وہاں خرچ کرنا۔۔۔۔۔ کہلاتا ہے۔

(الف) اسراف (ب) خیانت (ج) کفران نعمت (د) حسد